۵۲ دُروسِ قرآن | مرتب: سیّد طاہر رسول قادری - ناشر: ادارہ معارفِ اسلامی سی ۱۰/۱۶۳ فیڈرل بی ایریا کراچی نمبر ۷۵۹۵۰ - صفحات: ۴۷۶ - قیمت درج نہیں۔

یہ کتاب دراصل "انقلابی کتاب حصّہ دوم" کہلاتی ہے۔ "انقلابی کتاب حصّہ اوّل صرف علومِ قرآن، قرآنی مباحث اور قرآنی اصطلاحات پر مشتمل ہے۔ انقلابی کتاب سیریز کی اس دوسری کتاب میں قرآن مجید کے مختلف مقامات سے ۵۲ دُروس کا انتخاب کیا گیا ہے۔ جن کا مقصد جماعت اسلامی اور دوسرے دینی حلقوں کے ہفت روزہ حلقہ ہائے دروسِ قرآنی کے لیے سال بھر کا نصاب مہیا کرنا ہے۔ گویا پورے ایک سال کے ۵۲ ہفتوں کے لیے ۵۲ دروسِ قرآنی منتخب کیے گئے ہیں۔

ان دروس میں قرآن مجید کا ترجمہ تفہیم القرآن سے لیا گیا ہے۔ اور عربی متن کسی عرب ملک کے چھپے ہوئے قرآن مجید سے حاصل کیا گیا ہے۔ جو اپنے رسم الخط کے اعتبار سے ہمارے ہاں نامانوس ہے اور بہت سے لوگوں کے لیے اُسے صحیح طور پر پڑھنا مشکل ہے۔ دورانِ تشریح جو آیاتِ قرآنی دی گئی ہیں وہ ایک تو بغیر اعراب کے ہیں جنہیں پڑھنا عام قاری کے لیے دشوار ہے۔ دوسرے ان میں کتابت کی بہت سی غلطیاں ہیں۔ مثال کے طور پر:

ص ۳۸ پر عرضنا غلط طور پر درج ہے جب کہ عَرَضْنَا صحیح ہے۔
ص ۲۱۵ پر باب التقوی " " " باب التقوٰی " "
ص ۳۲۵ پر یصلون علی المنبی " " " يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ " "
ص ۴۲۶ پر التغابر " " " اَلتَّغَابُنُ " "
ص ۴۲۷ پر یقتدرد " " " يَقْتُرُوْا " "

بہر حال یہ کتاب وابستگانِ دین، خصوصاً نوجوانوں کے حلقوں میں درسِ قرآنی کی بہت بڑی ضرورت کو پورا کرنے والی ہے۔ طلبہ و طالبات کے علاوہ عام قارئین کے لیے بھی یہ کتاب یکساں طور پر مفید ہے۔ آغاز میں قاضی حسین احمد صاحب امیر جماعتِ اسلامی پاکستان کا بصیرت افروز مقدمہ بھی درج ہے۔